فوری ریلیز کے لیے: 19/8/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے ہولوکاسٹ کے متاثرین اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ دھوکہ بازی کے جواب میں محکمہ برائے مالیاتی خدمات کی جانب سے صارف نوٹس کا اعلان کر دیا

DFS کا یہ نوٹس صارفین کی یاد دہانی کروا رہا ہے کہ جب انہیں کوئی بھی غیر مطلوبہ اور گمنام خط و کتابت موصول ہو تو وہ بہت احتیاط برتیں

DFS نے اس دھوکہ بازی کی اطلاع قانون نافذ کرنے والے اداروں کو دے دی ہے اور جعلی ویب سائٹ کو ہٹوا دیا ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے مالیاتی خدمات (Department of Financial Services, DFS) نے ہولوکاسٹ کے متاثرین اور ان کے خاندانوں کو ممکنہ فراڈ سے خبردار کرنے کے لیے ایک صارف نوٹس جاری کیا ہے۔ یہ نوٹس اس غیر مطلوبہ جعلی مراسلت کے بعد جاری کیا گیا ہے جو ہولوکاسٹ کے متاثرین اور ان کے خاندانوں کو بھیجی گئی تھی اور جس میں انہوں نے اپنا نام 'یہودی ہولوکاسٹ کلیمز سینٹر (Jewish Holocaust Claims Center)' یا 'JHCC' بتاتے ہوئے وصول کنندگان پر زور دیا تھا کہ وہ معاوضے کے لیے اپنے دعوے جمع کروائیں۔ جب DFS اس ادارے کی شناخت، خدمات، یا قانونی حیثیت کی تصدیق کرنے میں ناکام رہا تو انہوں نے اس دھوکہ دہی کی اطلاع قانون نافذ کرنے والے متعلقہ حکام کو کر دی اور اس ادارے کی ویب سائٹ کی رپورٹ اس کے ہوسٹنگ پرووائڈر کو کر دی۔ اس کے بعد وہ جعلی ویب سائٹ ہٹا دی گئی ہے۔

"ہولوکاسٹ کے متاثرین اور ان کے خاندانوں کو دھوکہ دینا اور ان سے چوری کرنا نیچ حرکتوں میں سب سے زیادہ گری ہوئی حرکت ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "یہ پروگرام ہولوکاسٹ کے متاثرین کو انصاف مہیا کر رہا ہے جنہوں نے ناقابل بیان تکالیف برداشت کی ہیں، اور میرا عزم مصمم ہے کہ ریاست نیو یارک متاثرین اور ان کے خاندانوں کی حفاظت بھی کرے گی اور انہیں وہ معاونت اور وسائل بھی فراہم کرے گی جس کے نیو یارک کے یہ باسی حقدار ہیں۔"

DFS کی قائم مقام سپرنٹنڈنٹ Kaitlin Asrow (کیٹلن اسرو) نے کہا، "محکمہ یہ امر یقینی بنانے کے لیے مکمل پُرعزم ہے کہ ہولوکاسٹ کے متاثرین اور ان کے عزیز و اقارب بغیر کسی خوف و خطر کے بحالی و ازالے کی کوششیں کر سکیں۔ DFS ہماری حکومت اور کمیونٹی پارٹنرز کے ساتھ متاثرین کی حفاظت کرنے، قابلِ بھروسہ مدد و معاونت فراہم کرنے، اور ان اثاثوں کی بازیابی میں مدد کرنے کے لیے کام مسلسل جاری رکھے گا جو خاندانوں سے غلط طریقے سے چھین لیے گئے تھے۔"

جب DFS کو اس غیر مطلوبہ مراسلت کی اطلاع ملی، تو انہوں نے ایک صارف نوٹس جاری کیا جس میں ہولوکاسٹ کے متاثرین اور ان کے اہل خانہ سے کہا گیا کہ وہ کسی ممکنہ معاوضے یا تلافی کے اہل ہونے کے بارے میں ملنے والی بھی خط و کتابت سے محتاط رہیں اور انہیں اپنی ذاتی یا مالیاتی معلومات فراہم کرنے سے قبل اس کی خوب اچھی طرح تحقیق و تصدیق کریں۔ محکمے نے صارفین، حمایت و وکالت کرنے والی تنظیموں، اور مقامی سرکاری اہلکاروں

کے ساتھ مل کر اس انتباہ کو پھیلانے اور یہ امر یقینی بنانے کے لیے کام کیا کہ ممکنہ متاثرین کو قابل اعتماد معلومات اور مدد و معاونت تک رسائی حاصل ہو۔

DFS کا ہولوکاسٹ کلیمز پروسیسنگ آفس 1997 (Holocaust Claims Processing Office, HCPO) میں قائم ہوا تھا اور یہ ہولوکاسٹ کے متاثرین اور ان کے ورثاء کے بینکوں میں جمع اثاثوں؛ یورپی بیمہ کنندگان کی طرف سے جاری کردہ انشورنس پالیسیوں کے غیر ادا شدہ دعووں؛ اور گمشدہ، لوٹے گئے یا زبردستی بیچے گئے فن پاروں کی بازیابی میں مدد فراہم کرنے کے لیے بنایا گیا تھا۔ HCPO دعویداروں سے اپنی خدمات کے لئے کوئی معاوضہ نہیں لیتا ہے۔

اپنے قیام کے بعد سے، HCPO نے ہزاروں استفسارات پر کاروائی کی ہے اور سبھی 50 امریکی ریاستوں اور 53 ممالک سے دعوے وصول کیے ہیں۔ HCPO اب تک $184 ملین سے زیادہ کے اثاثے متاثرہ خاندانوں کو واپس کروانے میں مدد کر چکا ہے، اور ساتھ ہی 356 ثقافتی اشیاء بھی بازیاب کروائی ہیں۔

ہولوکاسٹ کے جو متاثرین اور ان کے اہل خاندان یہ سمجھتے ہیں کہ وہ کہ معاوضے یا ازالے کے لیے اہل ہیں، یا جو یہ تصدیق کرنا چاہتے ہیں کہ کوئی پیغام HCPO سے یا اس سے منسلکہ کی جانب سے آیا ہے، انہیں ریاست نیو یارک کے Holocaust Claims Processing Office سے (800) 695-3318 پر یا claimsques@dfs.ny.gov پر رابطہ کرنا چاہیے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔